بریلوی دوستوں کو یہ دھن ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو "بشر" کہنے والوں کو بدبخت ظالم، گستاخ، مغضوب وغیرہ خطابات سے نوازا جائے۔ ان کے پریس کو ہم چو قسم کے مضامین ہی اشاعت کے لیے زیادہ سوجھتے ہیں۔ چنانچہ کوٹلی لوہاراں کے ماہواری رسالہ ماہ طیبہ میں اہل توحید پر ایسے ہی الزامات کی بوچھاڑ کی گئی تھی۔ جس کے جواب کے لیے مولانا محمد رفیق صاحب کو آمادہ ہونا پڑا۔ پھر جواب در جواب کا سلسلہ شروع ہوا جس کی آخری کڑی زیر تبصرہ کتاب ہے۔ جہاں تک الزامات کے جوابوں کا تعلق ہے کتاب بلاشبہ لاجواب اور معلومات سے پر ہے لیکن لہجہ تلخ ہو گیا ہے، جس سے اہل حق کو اپنا دامن بچانا چاہیئے۔

یہ درست ہے کہ ہمارے بریلوی دوست بہت جلد کھسیانے ہو جاتے ہیں اور گالی گلوچ پر اتر آتے ہیں، مگر اہل حدیث کی روایات ہمیشہ متانت سے کام لینے کی چلی آ رہی ہیں۔

جن لوگوں کو مناظرانہ معرکہ آرائیوں سے دلچسپی ہو ان کے لیے یہ کتاب مفید ہوگی۔

مقلد کے چیلنج کا جواب مؤلفہ مولانا محمد رفیق صاحب۔ سائز $\frac{20 \times 30}{16}$ صفحات ۲۶ قیمت ۴ر ناشر:- مولانا محمد رفیق صاحب خطیب جامع اہل حدیث پسرور۔ سیالکوٹ

یہ رسالہ ایک شیخ صاحب ٹین والے صدر بازار دہلی کا جواب ہے۔ جس میں انہوں نے رفع الیدین اور آمین بالجہر کے مسئلوں میں اہل حدیث کو چیلنج کیا تھا، شروع میں اتباع سنت کی ضرورت کا مختصر سا ذکر ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ چیلنج بازی کا طریق تبلیغ اب بالکل ترک کر دینا چاہیئے۔ اپنے مسلک کی ایجابی تبلیغ صحیح طریقہ ہے، سلبی طریقے سے نفرت بڑھتی ہے۔ جس سے مقصد کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہوتا ہے۔

اربعین سلطانی در مدح احادیث سلطانی۔ مؤلفہ مولانا محمد رفیق صاحب پسروری۔ سائز $\frac{20 \times 30}{16}$ صفحات ۶۸۔ طباعت گوارا۔ قیمت ۹ر

ناشر:- مکتبہ اہل حدیث پسرور ضلع سیالکوٹ۔

یہ کتابچہ منکرین حدیث کے رد میں ہے جس میں چالیس آیات قرآنی سے یہ ثابت کرنے